© rasailojaraid.com

امن و سلامتی کا گہوارہ بن سکتا ہے۔ ورنہ تمام کوششیں اکارت جائیں گی اور صورت حال پہلے سے زیادہ بدتر ہوتی چلی جائے گی اور اس کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر ہی عائد ہوگی۔

## سندھ آپریشن

ان دنوں سندھ "آپریشن کلین اپ" کی زد میں ہے لیکن یہ آپریشن صرف کراچی تک محدود کردینے سے مسائل حل نہ ہوں گے پاک فوج نے ایم کیو ایم کے ٹارچر سیل ختم کردیئے ہیں جو یقیناً ایک مستحسن اقدام ہے مگر اندرون سندھ وڈیروں۔ پیشہ ور سیاست دانوں اور ظالم جاگیرداروں کی کمین گاہوں کا آپریشن بھی ضروری ہے اس سے حکومتی ارکان کے مفادات تو مجروح ہوں گے اور شاید حکومت اس کی اجازت بھی نہ دے مگر فوج کی غیر معمولی دلچسپی سے یہ کار خیر بھی انجام پاسکتا ہے۔

## تحریک طلباء اسلام کی تجدید نو

مجلس احرار اسلام نے ۱۹۷۰ء میں "تحریک طلباء اسلام" کے نام سے طلباء کی ایک تنظیم قائم کی تھی ماضی میں یہ تنظیم بڑی فعال رہی مگر بعض گفتنی و ناگفتنی احوال کی وجہ سے ۱۹۷۷ء کی تحریک کے بعد اس کا کام سست پڑگیا نوجوانوں نے پھر رخت سفر باندھا ہے اور نئے عزم کے ساتھ "تحریک طلباء اسلام" کی تجدید نو میں مصروف ہیں مجلس احرار اسلام سے وابستہ تمام طلباء "تحریک" کے قیام میں دلچسپی لیں اور اس سلسلہ میں ہدایات و معلومات کیلئے فوراً ملتان مرکز سے رابطہ قائم کریں۔

### اظہار تعزیت

مجلس احرار اسلام حاصلپور کے سرگرم کارکن حاجی محمد اقبال بیگ کی دادی صاحبہ اور جواں سال بھائی محمد زاہد گذشتہ دنوں یکے بعد دیگرے انتقال کرگئے۔

اللہ تعالیٰ مرحومین کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر عطا فرمائے۔

قارئین سے دعاء مغفرت کی درخواست ہے

(ابوسفیان تائب)

ناظم اعلیٰ مجلس احرار اسلام

حاصلپور

© rasailojaraid.com